RAMPUR GOVT GAZETTE

سرکاری گزٹ رامپور

بحکم کونسل آف ریجنسی ریاست رامپور

نمبر ۴۶	روز دوشنبہ تاریخ ۱۴ نومبر سنہ ۱۸۹۲ء مطابق ۲۳ ربیع الثانی سنہ ۱۳۱۰ھ	جلد ۲

فہرست مضامین

نام مضمون	صفحہ	نمبر
احکام اجلاس کامل		
پنشن عبداللہ خان لیس۔	۱و۲	
ممانعت مستاجری بہ سیلداران۔	۲	
حکم صاحب پریزیڈنٹ بہادر		
[illegible]	۲	
حکم صاحب کونسل انچارج		
رخصت گرداور [illegible]	۳	

نام مضمون	نمبر	صفحہ
حکم وزیر کار صاحب ریونیو ممبر بہادر		
تبادلہ محمد یوسف خان نائب تحصیلدار	۵	۴
تعیین تاریخ نیلام حویلیات مستاجری	۶	۴
نقشہ [illegible]	۷	ضمیمہ
نقشہ بیاہات و اموات۔	۸	۷
نقشہ نرخ غلہ اجناس۔	۹	۷

حکم اجلاس کامل واقعہ ۲۴ اکتوبر سنہ ۱۸۹۲ء

آج کونسل مین پیش ہو کر بالاتفاق تجویز ہوا کہ عبداللہ خان لیس رسالہ صدر کو حسب رائے صاحب پریزیڈنٹ بہادر بوجہ علیحدگی خدمت سے تین روپیہ ماہوار کی پنشن مرحمت ہو جاوے۔

نقل باجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر برائے عملدرآمد پنشن مرسل ہو۔

حکم اجلاس جناب ریونیو ممبر بہادر

بخشی فوج اور المبدہ ملازمان پنشن کے نام پروانہ جاری ہو کہ حسب ضابطہ عملدرآمد ہووے — ۵ نومبر سنہ ۱۸۹۲ء

حکم اجلاس کامل دربارہ ممانعت مستاجری تحصیلداران واقع ۳۱ اکتوبر سنہ ۱۸۹۲ء

دیکھا جاتا ہے کہ بیان سے کہ تحصیلداران بکثرت مستاجری کرتے ہیں لہذا حسب تحریک عالیجناب صاحب پریزیڈنٹ بہادر کونسل تجویز کرتی ہے کہ چونکہ وصول مالگزاری کا کام خصوصیت متعلق تحصیلداران ہے اسلئے اونکے پاس دیہات ریاست کی مستاجری بہت ہی نامناسب ہے آیندہ سے تحصیلداران کو ہدایت ہو کہ حیلتاً تصیر کرتا وہ اپنے یا اپنے عزیزان و احباب کے نام سے اصلی یا فرضی طور پر مستاجری نہ لیں اور آیندہ قطعی تحصیلداران کو مستاجری دیا مسدود ہو یہ روئداد درج گزٹ ہو اور برائے تعمیل بخدمت جناب ریونیو ممبر بہادر مرسل ہو۔

حکم اجلاس جناب ریونیو ممبر بہادر

درج گزٹ ہووے منشی پیارے لال ورسالدار صدر [illegible] کو اطلاع [illegible] پہنچاوے اور داخل دفتر ہو۔ ۱۰ نومبر سنہ ۱۸۹۲ء

حکم صاحب پریزیڈنٹ بہادر واقع ۵ نومبر سنہ ۱۸۹۲ء

یادداشت جناب صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس سے واضح ہوا کہ جو رقم کانجی ہوس تحصیل سے بابتہ سرکار ہوتی آئی اوسکی اطلاع محرر مویشیخانہ متعلق کو کچھ نہیں ہوتی ہے۔ اس عملدرآمد سے یہ خرابی پیدا ہے کہ سررشتہ پولیس سے جو نقشہ جات مویشیخانجات مرتب ہو کر خزانہ صدر کو بغرض جانچ آڈٹ بھیجا جاتا ہے اوسمیں بہت کچھ اختلاف ہوا کرتا ہے۔ لہذا مناسب ہے کہ آیندہ جو رقم مویشی خانہ کی تحصیل سے بابتہ ہوا کرے تحصیلداران ماہواری [illegible] اوسکا پاس محرران مویشی خانجات متعلق کو ضرور بھیجا کریں محرران مویشی خانجات اوس رواندہ کو شامل جمع خرچ کرکے اجلاس متعلق میں بھیجا کریں۔

حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر انچارج جناب جوڈیشل ممبر بہادر درخصوص رخصت

۶ نومبر سنہ ۱۸۹۲ء

عرضی منشی لیاقت حسین گرداور خفقان صحت بدرخواست عطائی رخصت یکہفتہ بوجہ علالت پیش ہو کر رخصت مطلوبہ منظور ہوئی

حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ جاری ہوں۔

حکم صاحب ہوم ممبر بہادر واقع ۱۸ نومبر ۱۹۱۲ء

بوصول روبکار اجلاس مولوی [illegible] احمد [illegible] خان بہادر ڈپٹی کمشنر [illegible] واضح ہوا کہ بعد وفات [illegible] نائب [illegible] گانگن متعلقہ تحصیل شاہ آباد عارضی طور پر محمد یوسف خان نائب علاقہ دار حضور تحصیل کو بعہدہ نائبی محمد زین العابدین خان میندہ گانگن پر بھیجا گیا تھا۔ چونکہ زین العابدین خان کے پاس آبادی کا کام بھی ہے اس وجہ سے محمد یوسف خان کا کام نہیں کرسکتا ہے۔ سوا اسکے محمد میاں خان علاقہ دار آبپاشی اکثر علیل رہتے ہیں اور محمد دلدار خان علاقہ دار بلاسپور مستعد آدمی ہے۔ وہ ایک نائب سے بھی کام چلا لینگے۔

لہذا حکم ہوا کہ

محمد یوسف خان میندہ گانگن سے آبپاشی صوار کو بعہدہ نائبی میاں خان تبدیل ہو۔ اور نیاز احمد خان بلاسپور سے بجائے محمد یوسف خان تبدیل ہو کر کار سرکار انجام دیوے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں

روبکار اجلاس صاحب ہوم ممبر بہادر واقعہ ۲۸ نومبر ۱۹۱۲ء

واسطے نیلام دیہات بندوبست طلب [illegible] کے کوئی تاریخ بمقام [illegible] ہونا مناسب ہے لہذا ۲۱ [illegible] وقت ۱۰ بجے دن کے روز یکشنبہ مقرر کی گئی۔

حکم ہوا کہ

تحصیلداران اور نائب سررشتہ دار اور واصلباقی نویس صدر اور رسالدار صدر مطلع ہو کر اعلان بخوبی کرادیں تحصیلداران کو چاہئے کہ دیہات علاقہ تحصیل اور بازار وغیرہ میں بھی اچھی طرح تاریخ تقرر نیلام کو مشتہر کرادیں اور روبکار درج گزٹ ہو۔

مطبع سرکاری ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا

مطبوعہ ۱۳ نومبر ۱۹۲۶ء جلد

حکم صاحب ہوم ممبر بہادر

ملاحظہ شد درج گزٹ کیا جائے ۱۰ نومبر ۱۹۲۶ء

رپورٹ لیاقت حسین گرداور حفظان صحت

نقشہ کارگزاری بابت ماہ اکتوبر ۱۹۲۶ء منسلک پیش کرتا ہوں۔ اس مہینے میں ۲۶ یوم متواتر دورہ کر کے شفاخانجات منفصل و صفائی مواضعات کا معائنہ کیا۔ پانچ یوم بکار سرکار رامپور میں قیام ہوا۔ دولت جاوید باد۔

نقشہ گشت گرداوری بابت ماہ اکتوبر ۱۹۲۶ء متعلق گرداور حفظان صحت ریاست رامپور

تاریخ مع ماہ و سنہ	روانگی از مقام	فاصلہ	ورود بمقام	کیفیت معائنہ و کام
یکم اکتوبر ۱۹۲۶ء	・	・	سوار	معائنہ صفائی تحصیل سوار و شفاخانہ وغیرہ
۲ اکتوبر ۱۹۲۶ء	سوار	۱۲ کوس	ٹانڈہ و چمرپا	معائنہ صفائی مواضعات فاضل پور لالپور کھیڑا بادری نادر پور وغیرہ
۳ اکتوبر ۱۹۲۶ء	・	・	"	معائنہ شفاخانہ و صفائی تحصیل ٹانڈہ و مواضعات شہباز نگر جیترا باقر گنج یوسف گنج
۴ اکتوبر ۱۹۲۶ء	・	・	"	معائنہ صفائی مواضعات لالپور سحریا علی نگر سرکڑا سینکن کھیڑا وغیرہ
۵ تا ۹ اکتوبر ۱۹۲۶ء	رامپور	۹ کوس	کھوپورہ وغیرہ	معائنہ صفائی ملک بچولا کوٹھا کوٹھی کھوپورہ ٹالکپور بھوٹ کنڈی کھیڑا بامبت پور نانکار۔
۱۰ لغایت ۱۲ اکتوبر ۱۹۲۶ء	"	۱۰ کوس	مراد آباد	بغرض ادائے شہادت بمقدمہ جناب سپرنٹنڈنٹ پولیس سابق ریاست رامپور حسب اجازت۔
۱۳ اکتوبر ۱۹۲۶ء	مراد آباد	۱۲ کوس	سیفنی	معائنہ صفائی سیفنی و چیتونی وغیرہ
۱۴ اکتوبر ۱۹۲۶ء	سیفنی	۵ کوس	بڑاگاؤں	معائنہ و درستی صفائی مواضعات گھسول بڑاگاؤں بڑاکھیڑا چکر پور ہمت پور
۱۵ اکتوبر ۱۹۲۶ء	بڑاگاؤں	۹ کوس	سرکڑا و لودی پورہ	معائنہ و درستی صفائی مواضعات سرکڑا کریتی دیب پیپلی کھیڑا لودی پورہ رسول پور بھرائی وغیرہ
۱۶ اکتوبر ۱۹۲۶ء	سرکڑا	۸ کوس	پٹوائی	معائنہ شفاخانہ و صفائی شاہ آباد مواضعات بہیڑی گاؤں بیچولی ویندار پور شہر آباد دشوبا وغیرہ
۱۷ اکتوبر ۱۹۲۶ء	پٹوائی	۳ کوس	نوشم پور نانکار	معائنہ صفائی پٹوائی نوشم پور نانکار و کرکا وغیرہ
۱۸ لغایت ۲۲ اکتوبر ۱۹۲۶ء	نانکار	۶ کوس	رامپور	معائنہ صفائی مواضعات سنڑاین کلی لدوری بنجاب نگر جگی رامنگر پیپلیا پورہ آغاپور منصور پور
۲۳ اکتوبر ۱۹۲۶ء	رامپور	۵ کوس	کیمری	معائنہ صفائی پہاڑی ہمرہ کنگاپور سکریا وغیرہ
۲۴ اکتوبر ۱۹۲۶ء	・	・	"	معائنہ شفاخانہ و صفائی کیمری وغیرہ
۲۵ اکتوبر ۱۹۲۶ء	کیمری	۶ کوس	بلاسپور	معائنہ صفائی مواضعات ناگر نگلہ تال قنادر بہادری کویا کوٹھا
۲۶ اکتوبر ۱۹۲۶ء	بلاسپور	۳ کوس	پیپل کھیڑا	معائنہ صفائی بلاسپور بشارت نگر درست نگر پیپل کھیڑا مبارک پور دھنداباد وغیرہ۔
۲۷ اکتوبر ۱۹۲۶ء	・	・	"	معائنہ صفائی مواضعات پیپل کھیڑا گنگاپور سنجیا سری کھیڑا الوا جمنا پور وغیرہ
۲۸ اکتوبر ۱۹۲۶ء	پیپل کھیڑا	۳ کوس	بلاسپور	معائنہ شفاخانہ بلاسپور و صفائی مواضعات رمپورہ و لشن پورہ وغیرہ
۲۹ تا ۳۱ اکتوبر ۱۹۲۶ء	بلاسپور	۱۱ کوس	رامپور	معائنہ صفائی مواضعات رام نگر ملک اسماعیل پور کھیڑا کیسری نبرا امنگرا آغاپور شہابپور ملک بچولی کوٹھی

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتدائی ۸ر لغایت ۱۴ر نومبر سنہ ۱۸۹۲ء

نام موضع	تفصیل پیدائش: مرد		تفصیل پیدائش: عورت		میزان	تفصیل مذہب		تفصیل اموات: ایک سال سے ۵ سال تک		۶ سال سے ۱۲ سال تک		۱۳ سال سے زیادہ		میزان		تفصیل مذہب		تفصیل امراض					کیفیت
	مسلمان	ہندو	مسلمان	ہندو		مسلمان	ہندو	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مسلمان	ہندو	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	
شہر رامپور	۲۶	۳	۲۵	۴	۵۸	۵۱	۷	۲۴	۱۶	۲	۱	۷	۹	۳۳	۲۶	۴۸	۱۲	۰	۰	۰	۰	۶۰	۰
حضور تحصیل	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
شاہ آباد	۴	۱۵	۰	۱۶	۳۵	۴	۳۱	۹	۱۶	۲	۰	۱۴	۲۳	۲۵	۳۹	۱۳	۵۱	۰	۰	۴۴	۲۰	۶۴	۰
ملک	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
سوار	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	״
بلاسپور	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	״
ٹانڈہ	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	״
میزان	۳۰	۱۸	۲۵	۲۰	۹۳	۵۵	۳۸	۳۳	۳۳	۴	۱	۲۱	۳۲	۵۸	۶۶	۶۱	۶۳	۰	۰	۰	۰	۱۲۴	۰

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدائی ۸ر لغایت ۱۴ر نومبر سنہ ۱۸۹۲ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	سوار	بلاسپور	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۱۳ ۱ر	۱۳ ۱ر	۰	۱۳ ۰ ۱ر	۱۳ ۱ر	۰	
نخود خالص	۱۶ ۰ ۱ر	۸ ۱ر	۰	۹ ۱ر	۱۹ ۰ ۱ر	۰	
نخود کسر آمیز	۲۱ ۰ ۱ر	۱۹ ۱ر	۰	۱۹ ۱ر	۲۳ ۰ ۱ر	۰	
کسہ	۲۱ ۰ ۱ر	۰	۰	۲۰ ۱ر	۲۵ ۱ر	۰	
خشکہ	۰	۶ ۱ر	۰	۱۵ ۱ر	۱۳ ۰ ۱ر	۰	
مونگ	۰	۱۴ ۱ر	۰	۱۴ ۱ر	۱۰ ۱ر	۰	
مکا	۲۱ ۰ ۱ر	۲۳ ۰ ۱ر	۰	۲۳ ۰ ۱ر	۲۲ ۰ ۱ر	۰	
جئی	۲۳ ۱ر	۲۰ ۱ر	۰	۲۵ ۱ر	۲۵ ۱ر	۰	
لوجی	۲۱ ۱ر	۱۶ ۱ر	۰	۱۸ ۱ر	۲۰ ۱ر	۰	
عدس	۱۹ ۱ر	۱۵ ۱ر	۰	۱۹ ۱ر	۲۲ ۰ ۱ر	۰	
ارہر	۰	۰	۰	۲۲ ۰ ۱ر	۰	۰	
برنج	۱۳ ۱ر	۱۲ ۱ر	۰	۱۱ ۱ر	۱۳ ۱ر	۰	
روغن زرد	[illegible]	[illegible]	۰	۱ ۱ر	۱ ۱ر	۰	
روغن سیاہ	[illegible]	[illegible]	۰	[illegible]	[illegible]	۰	
روغن کنجد	۲ ۱ر	۲ ۱ر	۰	۲ ۱ر	۰	۰	
تمباکو خمیر	[illegible]	۸ ۱ر	۰	۹ ۱ر	۸ ۱ر	۰	
نمک سانبھری	۷ ۱ر	۷ ۱ر	۰	۷ ۱ر	۵ ۰ ۱ر	۰	
قند سیاہ	۱۰ ۱ر	۹ ۱ر	۰	۵ ۱ر	۹ ۱ر	۰	

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور